# PDF Islamic Books



## صحیح نمازِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

By Admin at 12:29 PM Namaz e Nabvi, Namaz in urdu, process of namaz offering, sahih namaz e nabvi No comments

نماز نبوی (صلوۃ الرسول) صحیح فرامین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں

**تکبیرتحریمہ:**
* اپنے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائیں ، حتی کہ کندھوں تک پہنچ جائیں۔اور ہتھلیاں قبلہ رخ ہوں ۔ (بخاری و مسلم)
اَاللہُ اَکبَرُ ۔ (مشکٰوۃ) اللہ بہت بڑا ہے۔

**ہاتھ باندھنا:**
* رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں دیاں ہاتھ بائیں کے اوپر رکھ کر مضبوطی سے سینے پر باندھتے ۔ (ابو داود)

**دُعائے اِستفتاح:**
* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ کے بعد قرات شروع کرنے سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے۔ میں نے عرض کیا :یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم !میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ، اس خاموشی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھتے ہیں ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں یہ د ُعا پڑھتا ہوں ۔
اَ للّٰھُمَّ بَا عِد بَینی وَ بَین خَطَیایَ کَمَا بَا عَدتَّ بَین المَشرِقِ وَالمَغرِبِ ۔ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِی مِنَ الخَطَا یا کَمَا ینقَّی الثَّوبُ الاَبیض مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغسِل خَطَیایَ بِالمَآئِ وَالثَّلجِ وَ البَرَدِ ۔
(بخاری و مسلم ،نسائی و ابن ماجہ)
ترجمہ: اے اللہ ! دوری ڈال درمیان میرے اور میرے گناہوں کے جِس قدر کہ دور رکھا ہے آپ نے مشرق کو مغرب سے۔ یا اللہ! صاف کردے مجھے گناہوں سے جس طرح صاف کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل کچیل سے ۔ یا اللہ ! دھو ڈال میرے گناہ پانی،برف اور اولوں سے۔

**ثناء:**
سُبحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمدِکَ وَ تَبَارَکَ اسمُکَ وَ تَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیرکَ ۔(ابو داود)
پاک ہے تو ، اے اللہ اور آپکی ہی حمد ہے اور با برکت ہے نام آپکا اور بلند ہے آپکی شان، اور نہیں کوئی عبادت کے لائق آپ کے سوا ۔

**سورۃ الفا تحہ خلف الامام:**
* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ! جس نے نماز میں سورۃ الفاتحہ (الحمد اللہ) نہ پڑھی اس کی نماز ناقص ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین بار فرمائی(اور پھر فرمی) نماز نامکمل رہتی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا گیا، ہم امام کے پیچھے ہوتے ہیں۔آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا،اس وقت دل میں پڑھ لیا کرو۔
(مسلم)

**سورۃ فا تحہ:**
تعوذ : اَعُوذُ بِااللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم ۔اللہ کی پناہ میں آتا ہوں ، شیطان مردُود سے ۔
بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ۔ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا نہیت مہربان ہے۔
اَ لحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین الرَّحمٰنِ الرَّحِیم مٰلِکِ یومِ الدِّین اِیاکَ نَعبُدُ وَ اِیاکَ نَستَعِین اِھدِنَاالصِّرَاطَ المُستَقِیم صِرَاطَ الَّذِین اَنعَمتَ عَلَیھِم غَیرالمَغضُوبِ عَلَیھِم وَ لاالضَّآلِّین ۔ اٰمِین
ترجمہ: ہر طرح کی تعریف ہے اللہ کے لئے جو پالنے والا ہے تمام کائنات کا۔ نہیت رحم والا بڑا مہربان، مالک ہے دن جزا کا۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں۔ دکھاتا رہ ہمیں راہ سیدھی۔ راہ اُن کی جو انعام فرمایا آپ نے ان پر ، نہ انکی جو غضب نازل ہوا ان پر اور نہ گمراہوں کی ۔ (دُعا قبول فرم)

**بلند آواز سے آمین کہنا:**

* حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ولا الضالین کہتے ،تو ہم اونچی آواز میں آمین کہتے۔
(ابو داود)
* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو۔جس کی آمین (کی آواز) فرشتوں کی آ مین سے موافق ہو گئی اس کے گزشتہ گناہ بخش دئیے جاتے ہیں ۔
(بخاری و مسلم)
سورۃ فاتحہ کے بعد قرآن مجید کی کوئی یک سورۃ پڑھ لی جائے۔

**رفع الید ین:**

* حضرت نافع رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ!عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب نماز شروع کرتے تو ،اللہ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جب رکوع کرتے ، تو دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جب (رکوع سے اٹھنے کیلئے) سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو پھر دونوں ہاتھ اٹھاتے اور جب(تین یا چار رکعتوں والی نماز میں) دو رکعتوں بعد اٹھتے تب بھی دونوں ہاتھ اٹھاتے اور فرماتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح کیا کرتے تھے ۔(بخاری شریف)

**رکوع کی تسبیح:**

کم از کم تین دفعہ،پانچ،یا سات مرتبہ یہ تسبیح پڑھ لی جائے۔
سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیم ۔ (ابن ماجہ)
ترجمہ : پاک ہے رب میرا بزرگ۔
* حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتی ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع فرماتے تو اپنا سر (کمر سے) نہ اونچا کرتے نہ نیچا کرتے بلکہ سر اور کمر برابر رکھتے۔
(مسلم)
* حضرت ابو حمیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع سے سر اٹھاتے تو سیدھے کھڑے ہو جاتے،یہاں تک کہ ہر جوڑ اپنی جگہ پر آجاتا۔(بخاری )یعنی رکوع سے سر اٹھا کر نہیت اطمینان سے کھڑے ہونا چاہئے اور پھر سجدہ کریں۔

**قومہ یعنی رکوع سے ا ٹھنے کی دُعاء:**

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تیس سے زیادہ فرشتوں کو ان کلمات کا ثواب لکھنے میں سبقت حاصل کرتے دیکھا۔
(بخاری)
سَمِعَ اللہُ لِمَن حَمِدَہ، ۔ رَ بَّنَاوَ لَکَ الحَمدُ۔ حَمدًا کَثِیرا طَیبا مُبَارَکًا فِیہ ۔ (بخاری)
ترجمہ: سن لیا اللہ نے جِس نے اسکی تعریف کی۔اے ہمارے رب اور آپ کے لئے ہے تعریف۔ تعریف بہت پاکیزہ بابرکت۔

**سجدہ:**

* حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ! مجھے سات اعضا پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔پیشانی پر ( یہ کہتے ہوئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے ناک کی طرف اشارہ کیا ، دونوں ہاتھ،دونوں گُھٹنے اور دونوں پاوں کی انگلیاں۔نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ! مجھے حکم دیا گیا ہے کہ ہم نماز میں کپڑوں اور بالوں کو نہ سمیٹیں۔
(بخاری)
*آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!سجدہ اطمینان سے کرو اور تم میں سے کوئی بھی سجدے میں اپنے بازو کتے کی طرح نہ بچھائے ۔ (بخاری و مسلم )یعنی سجدے میں بازو زمین پر نہیں بچھانے ،بلکہ پہلواوں سے الگ ہوں۔اور سجدے میں پاوں کی انگلیاں قبلہ رخ ہونی چاہئیں۔

**سجدہ کی تسبیح:**

سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی ۔(ابن ماجہ) پاک ہے رب میرا بہت بلند۔
کم از کم تین دفعہ،پانچ،یا سات مرتبہ یہ تسبیح پڑھ لی جائے۔۰

**جلسہ یعنی دو سجدوں کے درمیان کی دُعاء:**

اَللّٰھُمَّ اغفِرلِی وَارحَمنِی وَاجبُرنِی وَارفَعنِی وَاھدِنِی وَ عَافِنِی وَارزُقنِی ۔ (ابو داود ،ترمذی)
ترجمہ: الٰہی ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما، اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطا کر اور مجھے ہدیت دے اور صحت دے اور رزق دے ۔

**جلسہ استراحت:**

*آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کی طاق رکعتوں (پہلی اور تیسری) میں ہوتے تو (دوسرے سجدے کے بعد) تھوڑی دیر سیدھے بیٹھتے پھر قیام کیلئے کھڑے ہوتے۔ (بخاری)

**تشہد:**

اَلتَّحِیاتُ لِلّٰہِ وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّیباتُ اَلسَّلاَمُ عَلَیک یھا النَّبِیُّ وَرَحمَۃُ اللہِ وَ بَرَ کَاتُہ، اَلسَّلاَمُ عَلَینا وَ عَلٰی عِبَادِ اللہِ الصَّا لِحِین اَشھَدُ اَن لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ اَشھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبدُہ، وَرَسُو لَہ، ۔
(مسلم)
ترجمہ:سب درُود وظیفے اللہ کیلئے ہیں اور سب عجزونیاز اور سب صدقے خیرات بھی ، سلام ہو تجھ پر اے نبی( صلی اللہ علیہ وسلم ) اور رحمت اللہ کی اور اُسکی برکتیں ، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندونپر ، میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں لائق عبادت کے مگر اللہ اور اقرار کرتا ہوں کہ محمد( صلی اللہ علیہ وسلم ) اللہ کے بندے اور اُسکے رسول ہیں۔
*آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب تشہد میں بیٹھتے تو داہنا ہاتھ دائیں گُٹھنے پر اور بیاں ہاتھ بائیں گُٹھنے پر رکھتے اور اپنے انگوٹھے کو اپنی درمیانی انگلی پر رکھ کر حلقہ بناتے ہوئے شہادت کی انگلی اوپر اٹھاتے ۔
(مسلم)

Urdu pdf or read online....

Fazail-e-Quran-e-Majeed By Mohammad Iqbal Kilani
فضائل قرآن مجید از محمد اقبال کیلانی
Download " Fazail e Quran e M " by Mohammad Iqbal Kilani i pdf or read onl...

Libas ka Bayan by Mohamma Iqbal Kilani
لباس کا بیان از مولانا محمد اقبال کیلانی
Download the book or read o Libas ka Bayan " by Mohamm Iqbal Kilani in Ur...

*نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : انگشت ِ شہادت اٹھانا شیطان کو تلوار یا نیزہ مارنے سے زیادہ سخت ہے ۔ (احمد)

**درُود شریف:**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰیَ اٰل ِمُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیت عَلٰی اِبرَاھِیم وَعَلٰیَ اٰلِ اِبرَاھِیم اِنَّکَ حَمِید'' مَّجِید'' ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِک عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰیَ اٰل ِمُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکتَ عَلٰی اِبرَاھِیم وَعَلٰیَ اٰلِ اِبرَاھِیم اِنَّکَ حَمِید'' مَّجِید'' ۔

ترجمہ: اِلٰہی ! رحم و کرم فرما! حضرت محمد( صلی اللہ علیہ وسلم ) پر اور حضرت محمد( صلی اللہ علیہ وسلم ) کی آل پر ،جس طرح آپ نے رحم و کرم فرمایا حضرت ابراھیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر ، بیشک آپ ہیں تعریف کے لائق اور بزرگی والے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما حضرت محمد( صلی اللہ علیہ وسلم ) پر اور حضرت محمد( صلی اللہ علیہ وسلم ) کی آل پر ،جس طرح آپ نے برکت نازل کی حضرت ابراھیم (علیہ السلام) پر اور حضرت ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر ، بیشک آپ ہیں تعریف کے لائق اور بزرگی والے۔

**دُعائیں:**

*رَ بِّ اجعَلنِی مُقِیم الصَّلٰوۃِ وَ مِن ذُرِّ یتی رَبَّنَا وَتَقَبَّل دُعَا ءِ *رَبَّنَااغفِرلِی وَلِوَلِدَیَّ وَلِلّمُومِنِین یَومَ یقومُ الحِسَابُ ۰ (سورۃ ابراہیم/61)

ترجمہ:اے میرے رب ! مجھے نماز کا پابند رکھ اور میری اولاد کو بھی ۔ اے ہمارے رب ہماری دعا قبول فرما ۔ اے ہمارے رب ! مجھے بخش دے اور میرے مانباپ کو بھی بخش اور دیگر مومنوں کو بھی بخش ، جس دن حساب ہونے لگے ۔

*اَللّٰھُمَّ اِنِّی ظَلَمتُ نَفسِی ظُلمًا کَثِیرا وَّ لاَ یغفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّآ اَنتَ فَاغفِرلِی مَغفِرَۃً مِّن عِندِکَ وَارحَمنِی اِنَّکَ اَنتَ الغَفُورُ اَلرَّحِیم ط

ترجمہ:اے اللہ ! میں نے ظلم کیے اپنی جان پر ظلم بہت ، اور نہیں کوئی بخش سکتا گناہ آپ کے سِوا ،تو مجھے خاص بخشش سے نواز اپنے ہاں سے اور رحم فرما مجھ پر بیشک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے۔

یا جو بھی دعا یاد ہو پڑھ سکتے ہیں۔

**سلام:**

تشہد اور دُعاوں سے فارغ ہو کر دائیں اور بائیں منہ پھیرتے ہوئے یوں کہیں۔

اَلسَّلاَمُ عَلَیکم وَ رَحمَۃُ اللہِ

سلام ہو تم پر ، اور رحمت اللہ کی ۔

G+

## YOU MIGHT ALSO LIKE:

Masajid Ka Bayan By Mohammad Iqbal ...

Janazy Ke Masail By Mohammad Iqbal ...

Namaz Ke Masail By Mohammad Iqbal K...

Namaz O Roza Ki Niyyat By Mohammad ...

← Newer Post    Home    Older Post →

### 0 comments:

### Post a Comment